10830 ـ نکاح خوان کوعطیہ دینے کا حکم

سوال

ہماری گزارش ہے کہ ہمیں نکاخ خوان کوعطیہ دینے کے حکم کا فتوی دیں کہ آیا یہ جائز ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

اگر تونکاح خوان کوبیت المال کی جانب سے تنخواہ دی جاتی ہے توپھر اس کے حلال نہیں کہ وہ عقد نکاح کروانے والوں سے کچھ لے ، اوراگراسے تنخواہ نہیں ملتی بلکہ وہ بغیر کسی معاوضہ کے یہ خدمت سرانجام دیتا ہے توپھر بغیر مانگے اسے کچھ مل جائے پواس میں کوئي حرج نہیں ، اوراگروہ طلب کرکے لیتا ہے تومیں اسے پسند نہیں کرتا ۔

اورجوکوئي مستغنی ہونا چاہے اللہ تعالی اسے غنی کردیتا ہے ۔۔